# آزاد جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن
# مظفرآباد

## پریس ریلیز

عوام الناس کی طرف سے پبلک سروس کمیشن کے پاس موصولہ ریکوزیشن ہا، اشتہارات، امتحانات ونتائج کے شیڈول اور سفارشات کی اجرائیگی وغیرہ کے حوالہ سے آئے روز سوالات/استفسارات موصول ہوتے ہیں۔ جملہ سوالات (FAQs) کا انفرادی طور پر جواب دینا ممکن نہ ہے۔ بنابریں، حالیہ اقدامات کے حوالہ سے عمومی آگہی کے لیے بذیل تفصیلات جاری کی جاتی ہیں:۔

1- آزاد جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کے پاس سال 2023 تک مشتہر کردہ 1119 اسامیاں زیر کار تھیں۔ سال 2024 میں مختلف محکمہ جات کی جانب سے موصولہ ریکوزیشن ہاء کے تحت مزید، 949 اسامیاں موصول ہوئیں جو مشتہر کیں گئیں ہیں۔ اس طرح کل مشتہر/زیر کار اسامیوں کی تعداد 2068 بنتی ہے۔ جن کے خلاف 160000 سے زائد امیدواران نے درخواستیں جمع کروا رکھی ہیں۔ کل مشتہر شدہ اسامیوں میں سے مئی سے ستمبر کے درمیانی عرصہ میں 984 اسامیوں کے خلاف 75500 امیدواران سے تحریری/ایم سی کیو ٹیسٹ کا انتظام کیا گیا ہے۔ موجودہ مالی سال کے دوران ڈیڑھ سے دو لاکھ امیدواران سے امتحان لینے کا اندازہ ہے جس میں سے 60000 افراد سے امتحان لینے کے بعد پہلی سہ ماہی کا ہدف حاصل کر لیا گیا ہے، اور اسی تسلسل کو برقرار رکھنے کی کوشش کی جائیگی، تا کہ محکمہ جات میں درکار افرادی قوت کی رسد کو یقینی بنایا جا سکے، اور اچھی حکمرانی کے مقصد کے حصول میں حکومت کی مدد کی جا سکے۔

2- مشتہر شدہ بالا اسامیوں میں سے مختلف محکمہ جات (جن میں محکمہ زراعت ولائیوسٹاک، محکمہ مذہبی امور، محکمہ احتساب بیورو، محکمہ جنگلات، ہائیر ایجوکیشن ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، وزیراعظم معائنہ کمیشن، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، لبریشن سیل، صحت عامہ، سماجی بہبود، مواصلات وتعمیرات عامہ وغیرہ شامل ہیں)، کی 174 اسامیوں کے خلاف تحریری/سکریننگ ٹیسٹ اور انٹرویو کا عمل مکمل کرتے ہوئے، منتخب شدہ امیدواران کی تقرری کے لیے سفارشات متعلقہ محکمہ جات کو ارسال کی جا چکی ہیں۔ ان میں محکمہ زراعت ولائیوسٹاک کی 23، محکمہ مذہبی امور کی 04، محکمہ احتساب بیورو کی 10، محکمہ جنگلات کی 01، محکمہ ہائیر ایجوکیشن کی 08، وزیراعظم معائنہ کمیشن کی 01، محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی 05، لبریشن سیل کی 01، محکمہ صحت کی 52، محکمہ سماجی بہبود کی 02، محکمہ مواصلات وتعمیرات عامہ کی 02، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی 65، کل 174 اسامیاں شامل ہیں۔

3- اسی تسلسل میں محکمہ صحت عامہ کی اسامیوں کی حد تک مزید وضاحت یوں ہے کہ سپیشلسٹ ہاء کی 28، سٹاف نرسز کی 22 اور ہیلتھ ایجوکیٹر کی 02 کی اسامیوں پر ٹیسٹ/انٹرویو لیتے ہوئے کل 52 منتخب شدہ امیدواران (جیسا کہ پیرا نمبر 2 میں بیان کیا گیا ہے)، کی حد تک سفارشات ارسال کی گئی ہیں۔ سٹاف نرس کی 44 اسامیوں کے خلاف معاملہ مقدمہ بازی کی وجہ سے زیر التواء ہے۔

4- محکمہ صحت عامہ کی سول میڈیکل آفیسرز (بی ایس-17) کی 146، الیکٹرومیڈیکل انجینئر کی 01، محکمہ برقیات اسسٹنٹ انجینئر الیکٹریکل کی 28، محکمہ سکولز اسسٹنٹ انجینئر 01، محکمہ ورکس اسسٹنٹ انجینئر سول کی 01 اور محکمہ مالیات، سنیئر آڈیٹر کی 03 کل 180 اسامیوں کے خلاف سکریننگ ٹیسٹ لیا جا کر انٹرویو شیڈول جاری ہو چکا ہے، جس پر انٹرویوز کے بعد ماہ اکتوبر 2024 کے پہلے ہی ہفتہ میں سفارشات جاری کر دی جائیں گی۔ اس سے ان محکمہ جات کی افرادی قوت میں بہتری ممکن ہو سکے گی۔

5- محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی سیکشن آفیسر بی ایس-17 کی 26 اور اسسٹنٹ کمشنر بی ایس-17 کی 10 اسامیوں کے خلاف ماہ اگست میں تحریری امتحان لیا جا چکا ہے۔ جس کا نتیجہ ماہ دسمبر/جنوری میں متوقع ہے۔ جس کے بعد انٹرویو کا عمل مکمل کیا جائیگا۔ متذکرہ امتحان کے لیے 12000 کے قریب امیدواران نے درخواست ہا جمع کروائی تھیں۔ تاہم حتمی طور پر 2300 کے لگ بھگ امیدواران امتحان میں شریک ہوئے۔

6- محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی مختلف تدریسی وانتظامی کیڈر ہا کی کل 1750 اسامیوں کے خلاف سکریننگ (MCQ) ٹیسٹ لیا جا چکا ہے، جس میں 46500 سے زائد امیدواران موجود تھے، تاہم حتمی طور پر تقریباً 35000 امیدواران شامل ہوئے۔ اگر چہ 35000 کے قریب پرچہ جات کی مارکنگ مشکل عمل ہے تاہم جلد از جلد نتائج کا عمل مکمل کرنے کی کوشش کی جاری ہے، تاکہ سکولوں میں عملہ بعجلت ممکنہ مہیا کیا جا سکے۔ اس امتحان کا نتیجہ 15 اکتوبر تک متوقع ہے۔ مزید یہ کہ ان اسامیوں کیخلاف انٹرویو کے بعد تقرری کیلئے سفارشات ماہ نومبر/دسمبر 2024 میں جاری کر دی جائیں گی۔

7- محکمہ ہائیر ایجوکیشن کی 343 اسامیوں کے خلاف ماہ نومبر میں ایم سی کیو ٹیسٹ کا انعقاد عمل میں لایا جائے گا۔ جبکہ نتائج کی اجرائیگی وانٹرویوز دسمبر/جنوری میں متوقع ہیں۔

8- علاوہ ازیں، مشتہر شدہ اسامیوں میں سے مختلف محکمہ ہا کی 262 اسامیوں کے خلاف مقدمات عدالت العالیہ وعدالت العظمیٰ میں زیر کار ہیں۔ اس ضمن میں عدالت ہا میں بھرپور پیروی کی جاری ہے۔ مقدمات پر فیصلہ جات کے بعد سلیکشن کا عمل جلد از جلد مکمل کیا جائیگا۔

9- کمیشن نے امیدواران کی سہولت کی غرض سے ایم سی کیو/تحریری امتحان کیلئے کال لیٹرز آن لائن جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس سے امیدواران کو کال لیٹر نہ ملنے یا تاخیر سے ملنے کی شکایات کا ازالہ ہوا ہے اور اس سے ادارہ کو سالانہ بجٹ کی مد میں موجودہ مالی سال میں دو کروڑ روپے تک کی بچت متوقع ہے۔ دوسری طرف کمیشن کیلئے بلا رکاوٹ امتحانات کا انعقاد ممکن ہو سکا ہے۔

10- کمیشن نے آئی ٹی کے شعبہ کی بہتری کیلئے مختلف اقدامات اُٹھائے ہیں، جس میں وفاقی پبلک سروس کمیشن کے تعاون سے ویب سائٹ اور امیدواران کے پورٹل کی بہتری کے علاوہ مختلف سافٹ ویئرز کا حصول شامل ہے۔ اس سے ادارہ کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ میں جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد ملے گی۔ جس کا فائدہ امیدواران کو پہنچے گا۔ اس کے علاوہ، کمیشن نے ریکروٹمنٹ کے عمل کو مکمل شفاف بنانے کیلئے مختلف پالیسی ہا مرتب کی ہیں۔ جن میں نتائج کے عمل میں اکیڈمک نمبرات ختم کرنے کی پالیسی حال ہی میں جاری ہوئی ہے، اس سے میرٹ کے مطابق اعلیٰ صلاحیت کی حامل افرادی قوت کا انتخاب ممکن ہو سکے گا۔

11- ادارہ ہذا، پبلک سروس کمیشن ایکٹ 1985، پروسیجر رولز، فنکشنر رولز اور پالیسی ہا کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، ادارہ کی مجموعی بہتری اور امیدواران کی سہولت کی خاطر ضروری ترامیم کیلئے غور وحوض کر رہا ہے اور اس سلسلے میں مجموعی پالیسی فریم ورک 31 دسمبر 2024 تک مرتب کیا جانا متوقع ہے۔ اس سے خاطر خواہ بہتری ممکن ہو سکے گی۔

12- مزید معلومات کے لیے پبلک سروس کمیشن کی ویب سائٹ www.ajkpsc.gov.pk اور بذیل فون نمبرز پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**05822-920205,920206,920208,92020**

سیکرٹری

نمبر پی ایس سی/20294-20305/ 2024 مورخہ 20 ستمبر/2024

نقل بالا بخدمت:-

۱۔ جناب سیکرٹری برائے جناب صدر گرامی آزاد جموں وکشمیر۔
۲۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے جناب وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر۔
۳۔ جناب چیئرمین آزاد جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن
۴۔ معزز ممبران آزاد جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن۔
۵۔ جناب چیف سیکرٹری آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
۶۔ جناب سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر۔
۷۔ جناب سیکرٹری تعلقات عامہ مظفرآباد آزاد کشمیر برائے تشہیر اخبارات ودیگر میڈیا۔
۸۔ ڈائریکٹر ریکروٹمنٹ/انتظامیہ/مقدمات پبلک سروس کمیشن۔
۹۔ سسٹم انالسٹ پبلک سروس کمیشن بغرض اپ لوڈ ویب سائٹ۔
۱۰۔ اسٹیشن ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد۔ (شعبہ خبر)
۱۱۔ پریس کلب مظفرآباد برائے تشہیر اخبارات۔
۱۲۔ ایم ڈی صاحبان آزاد جموں وکشمیر ٹیلی ویژن کیپٹل نیوز، سٹی نیوز مظفرآباد۔
۱۳۔ ماسٹر فائل

20/9/2024

سیکرٹری